# نوٹس برائے 63 واں سالانہ اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہٰذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL Limited کا 63 واں سالانہ اجلاس عام بتاریخ ۳۰ مارچ, ۲۰۲۳ء بروز جمعرات کو بمقام رائل روڈئیل پلاٹ نمبر ٹی سی۔۵، ۳۴۔اسٹریٹ ،خیابان سحر،فیز ۵ (توسیع)،ڈی۔ایچ۔اے،کراچی، پاکستان میں صبح ٹھیک ۱۰:۰۰ بجے منعقد کیا جائے گا۔اجلاس میں درج ذیل امور انجام دیئے جائیں گے۔

**عمومی امور:**

(۱) ۳۰ نومبر ۲۰۲۲ء بروز بدھ کو ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام کے روداد کی توثیق اور منظوری۔

(۲) مالیاتی سال ۳۱ دسمبر ۲۰۲۲ء کے اختتام کے حوالے سے آڈٹ شدہ حسابات کی ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹ کے ہمراہ اسے زیرِ بحث لانا اور منظوری۔

(۳) آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے معاوضے کا تعین۔

بحکم بورڈ

کراچی: ۲۳ فروری ۲۰۲۳ء

محمد شاہد

کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

(۱) کمپنی کی شیئر ٹرانسفر کی کتابیں ۲۴ مارچ ۲۰۲۳ء سے ۳۰ مارچ ۲۰۲۳ء (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز، THK ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، پلاٹ نمبر سی۔۳۲، جامی کمرشل اسٹریٹ ۲،ڈی ایچ اے فیز ۷،کراچی، ۷۵۵۰۰، پاکستان (UAN#111-000-322)۔۲۳ مارچ ۲۰۲۳ء کو کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والی فیزیکلی منتقلی/سی ڈی ایس ٹرانزیکشن آئیڈیز کو اجلاس میں شرکت اور حصص یافتگان کے ووٹنگ کے حقوق کا تعین کرنے کے لیے بروقت سمجھے جائیں گے۔

(۲) اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھنے والا کمپنی کا ممبر اپنی جگہ کسی فرد/نمائندہ کو اجلاس میں موجودگی اور ووٹ دینے کے لئے بطور پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔اجلاس میں بطور پراکسی شمولیت/نمائندگی کے لئے پراکسی فارم،مؤثر ہونے کے لیے اجلاس کے انعقاد کے وقت سے ۴۸ گھنٹے قبل، کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہو جانا چاہیے۔

(۳) سی ڈی سی کا انفرادی استحقاق رکھنے والا کوئی بھی ممبر جو اس میٹنگ میں ووٹ دینے کا حق دار ہو شناخت کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ لازمی اپنے ہمراہ لائے۔ اور پراکسی کی صورت میں شیئر ہولڈر کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل پراکسی فارم کے ساتھ لازمی منسلک کریں۔ کارپوریٹ ممبرز کے نمائندے اس موقع پر مطلوبہ عمومی دستاویزات اپنے ہمراہ لائیں۔

(۴) ممبران اپنے آبائی شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولت بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ اس صورت میں اگر کمپنی کو میٹنگ کی تاریخ سے کم از کم ۷ دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کے لیے جغرافیائی محل وقوع پر رہائش پذیر %10 یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ رکھنے والے ممبران سے درخواست موصول ہوتی ہے، تو کمپنی ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا بندوبست کرے گی۔ اس مقصد کے لیے، براہ کرم درج ذیل فارم کو پُر کریں اور اوپر دیے گئے ٹائم فریم کے مطابق کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں جمع کروائیں:

"میں/ہم، ______________________________________________ کا

______________________________________، ZIL لمیٹڈ کا رکن ہونے کے ناطے، رجسٹرڈ فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ ____________ کے مطابق ______________________

عام حصص کا حامل ______________________ پر ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتخاب کرتا ہوں۔

ممبر/اٹارنی کے دستخط"۔

(۵) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1، 2000 میں دی گئی اضافی رہنمائی پر بھی عمل کریں۔